فروری 2022	D.El.Ed Regular (ریگولر) ڈی ایل۔ایڈ	پہلا سمسٹر I Semester

پرچہ : بچپن اور بچوں کی نشوونما

Paper - DLED111CCT : Childhood and Child Development

گھنٹے **3** Hrs : وقت : Time	Maximum. Marks **70 :** جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8x5=40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3=30 Marks)**

حصہ اول

1. آپ کے مطابق بچوں کی پرورش کا سب سے بہترین طریقہ کون سا ہے؟ اور کیوں؟
2. کول برگ کا اخلاقی نشوونما کا نظریہ کیا ہے؟ وضاحت کیجیے۔
3. کھیل سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ پیاجے کے مطابق کھیل کے اقسام کو قلم بند کیجیے۔
4. Self Esteem اور Self-Concept سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ ایک استاد کے طور پر طلباء میں ان تصورات کی تعمیر میں آپ کا کیا کردار ہوگا؟
5. Rorschach's Ink Blot Test کا استعمال کر کے آپ اپنے طلباء کی شخصیت کی جانچ کیسے کریں گے؟
6. Fine Motor Skills اور Gross Motor Skills کی ابتداء بچے کی زندگی میں کب سے ہوتی ہے؟ شیر خوارگی اور ابتدائی بچپن میں کون سی خاص مہارتیں بچوں میں نشوونما پاتی ہیں؟
7. کسی کمرۂ جماعت میں زیادہ عمر کے طلباء کی شمولیت آپ کیسے کریں گے؟ آپ کون سے اقدامات کے ذریعہ سے ان بچوں کو دوسرے بچوں کے ساتھ جوڑیں گے؟
8. نوم چومسکی کا لسانی نشوونما کا نظریہ کیا ہے؟ وضاحت کیجیے۔
9. بچوں میں کھیل کے دوران آپس میں اختلافات اور تنازعات کا حل کیوں ضروری ہے؟ روشنی ڈالیے۔
10. بچہ مزدوری پر مختصر نوٹ لکھیے۔

حصہ دوم

11. شیر خوارگی اور بچپن کے دور میں بچوں میں سماجی، حرکیاتی اور لسانی نشوونما کیسے ہوتی ہے؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔
12. پیاجے کے وقوفی نشوونما کے نظریہ پر مفصل نوٹ لکھیے۔
13. نفسیات میں نشوونما سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ نشوونما سے جڑے ہوئے کوئی پانچ اصول تفصیل سے بیان کیجیے۔
14. سماجیانے کے عمل سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ نیز سماجیانے میں خاندان کے کردار کو تفصیلاً تحریر کیجیے۔
15. Cattell کے نظریہ کے 16 عوامل کون کون سے ہیں تفصیلات بیان کیجیے۔ شخصیت Trait اور Type نظریے کے درمیان فرق واضح کیجیے۔